ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (464)

مورخہ 27.09.25

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کا سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن 10 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن منشیات سے پاک پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ ڈیراور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 150 لیٹر شراب اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کرلی۔ اسی طرح تھانہ سول لائنز، سٹی یزمان، سٹی حاصل پور اور تھانہ قائم پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 01 کلو 200 گرام چرس اور 327 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تھانہ کینٹ، سول لائنز اور تھانہ بغدادالجدید پولیس نے 03 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 03 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔ اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات، پولیس کی مختلف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد